© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

**اسلام**
**عقائد و اعمال (انگریزی)**

مصنف: ڈاکٹر محمد مناظر احسن

ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن، لیسٹر، انگلستان

ملنے کا پتہ: اسلامک فاؤنڈیشن

۲۲۳ - لندن روڈ - لیسٹر (یوکے)

اسلامی عقائد و عبادات، اسلامی زندگی کے اصول اور اسلامی معاشرے کی نمایاں خصوصیت سے متعلق ۴۲ صفحے کا یہ مختصر رسالہ لیسٹر کی اسلامی فاؤنڈیشن نے شائع کیا ہے۔ اس کے مصنف ڈاکٹر مناظر احسن فاؤنڈیشن کے اسسٹنٹ ڈائرکٹر ہیں۔ انھوں نے راجشاہی یونیورسٹی سے تاریخ اسلام و اسلامی ثقافت میں ایم۔اے کیا۔ پھر لندن یونیورسٹی سے پی۔ایچ۔ڈی کی سند حاصل کی۔ اسلامیات سے ان کو گہرا شغف ہے اور اسلامی موضوعات پر بہت مختصر اور عام فہم انداز میں لکھا کرتے ہیں۔ یہ رسالہ لندن کی ایک عیسائی تنظیم کی فرمائش پر لکھا گیا تھا جس کا مقصد آسان زبان اور عام فہم انداز میں غیر مسلموں کو اسلامی تعلیمات اور اسلامی زندگی کے بنیادی اصولوں سے آگاہ کرنا تھا۔ پھر اس میں ترمیم و اضافہ کرکے کتابی شکل میں شائع کیا گیا تاکہ طلبا بھی اس سے مستفید ہو سکیں اور عام لوگ بھی اسلام کے بارے میں ضروری معلومات حاصل کر سکیں۔

اس رسالہ میں جس کا نام ISLAM: Faith and Practice ہے، فاضل مصنف نے اسلام کا مفہوم، توحید، رسالت، آخرت، نماز، روزہ، زکوٰۃ اور حج کی تعریف و تشریح عام فہم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انداز میں کی ہے۔ پھر اسلامی زندگی کے اصول، اسلامی معاشرہ کی خصوصیات، اسلامی تقریبات، عائلی زندگی، تہذیب و اخلاق اور جدید عالمِ اسلامی جیسے اہم موضوعات کے بارے میں مفید معلومات فراہم کی ہیں۔ دنیا کے مختلف ممالک میں مسلمانوں کی آبادی کے گئی گوشوارے، چند تصاویر اور کتاب کے آخر میں اسلامی دنیا کا ایک رنگین نقشہ بھی موجود ہے جس سے اس کی افادیت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ کاغذ بہت عمدہ اور طباعت دیدہ زیب ہے قیمت درج نہیں۔ اسلام کے متعلق ابتدائی معلومات حاصل کرنے کے لیے یہ رسالہ بہت مفید ہے۔

## تفسیر مواہب الرحمٰن جلد اوّل

مؤلف : علامہ سید امیر علیؒ ـــ مترجم ہدایہ و فتاویٰ عالمگیری

ناشر : دینی کتب خانہ اُردو بازار۔ لاہور

کاغذ جلد نہایت اعلیٰ ـ صفحات ۱۳۰۲ ـ قیمت ۷۰ روپے

مولانا بحر العلوم القرآن سید امیر علی کی ذاتِ گرامی۔ سے ہر علمی ذوق کا حامل شناسا ہے۔ کیونکہ مولانا نے اس برّعظیم میں وہ علمی کام سرانجام دیے ہیں جو کسی دوسرے شخص سے ممکن نہیں۔ ان کی یہ عظیم الشان تفسیر اب سے پچاس، ساٹھ سال قبل مطبع نولکشور لکھنؤ نے شائع کی تھی ۔ یہ اس کا پاکستانی ایڈیشن ہے۔ جو لاہور سے شائع ہونا شروع ہوا ہے۔

راقم الحروف نے مطبع نولکشور کا مطبوعہ نسخہ بھی دیکھا ہے اور دینی کتب خانہ کا نسخہ بھی۔ یہ نئی طبع پرانے مطبوعہ سے کئی اعتبار سے نہایت اعلیٰ اور عمدہ ہے۔ قرآن کی کتابت نہایت خوش خط جلی لفظوں میں کی گئی ہے جو قاری کے لیے بہت سہولت مہیا کرتی ہے۔ تفسیر کیا ہے؟ ایک انسائیکلوپیڈیا ہے جس میں صرف معارف قرآن ہی نہیں احادیث و آثار صحابہ تشریح حدیث، تاریخ، فقہ، ائمہ اربعہ کے اختلافات اور اور اُن پر مدلل بحث بھی کی گئی ہے۔ ان کے علاوہ جن صوفیائے کرام نے اپنے اپنے رنگ میں قرآنِ کریم کی تفسیر کی ہے وہ بھی بیان کر دی ہے۔ نیچریت کے سلسلے میں سر سید احمد خاں کی تفسیر و عقائد کا عجیب مدلل انداز سے رد کیا ہے۔ دیگر گمراہ فرقے، مثلاً رافضی، خارجی، معتزلہ اور حشویہ کا رد بھی موجود ہے۔ علما، شائقین اور خطبا کے لیے یہ ایک نادر تحفہ ہے

قاری محمد عادل خاں

© rasailojaraid.com